العلق

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

۱	اے نبی ﷺ اپنے پروردگار کا نام لے کر پڑھو جس نے تمام کائنات کو پیدا کیا۔
۲	جس نے انسان کو خون کی پھٹکی سے بنایا۔
۳	پڑھو اور تمہارا پروردگار بڑا کریم ہے۔
۴	جس نے قلم کے ذریعے سے علم سکھایا۔
۵	اور انسان کو وہ باتیں سکھائیں جن کا اسکو علم نہ تھا۔
۶	مگر انسان سرکش ہو جاتا ہے۔
۷	اس بناء پر کہ وہ اپنے آپکو بے نیاز سمجھتا ہے۔
۸	کچھ شک نہیں کہ سب کو تمہارے پروردگار ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔
۹	کیا تم نے اس شخص کو دیکھا جو منع کرتا ہے۔
۱۰	یعنی ایک بندے کو جب وہ نماز پڑھنے لگتا ہے۔
۱۱	بھلا دیکھو تو اگر یہ راہ راست پر ہو۔
۱۲	یا پرہیزگاری کا حکم کرے تو منع کرنا کیسا۔
۱۳	تو اس کا انجام کیا ہوگا ذرا دیکھو تو اگر اس نے دین حق کو جھٹلایا اور اس سے منہ موڑا۔
۱۴	کیا اسکو معلوم نہیں کہ اللہ دیکھ رہا ہے۔

۱۵	دیکھواگر وہ باز نہ آئے گا تو ہم اسکی پیشانی کے بال پکڑ کر گھسیٹیں گے۔
۱۶	یعنی اس جھوٹے خطار کار کی پیشانی کے بال۔
۱۷	تو وہ اپنے یاران مجلس کو بلا لے۔
۱۸	ہم بھی دوزخ کے فرشتوں کو بلائیں گے۔
۱۹	دیکھو اس کا کہا نہ ماننا اور سجدہ کرنا اور اللہ کا قرب حاصل کرتے رہنا۔